ان کے تعاون سے:

بریشیا پراونس
بریشیا کمونہ
بریشیا فائر برگیڈ
Istituto Clinico Città di Brescia

مزید معلومات کے لیے:

سرکاری حفظان صحت و صفائی ڈیپارٹمنٹ

DGD 1 - Brescia
030.3838051

DGD 2 - Hinterland
030.2499965

DGD 3 - Valle Trompia
030.8915282

DGD 4 - Chiari/Iseo/Palazzolo
030.7007201 - 03 - 15

DGD 5 - Orzinuovi/Leno/Montichiari
030.9078402 - 03

DGD 6 - Gavardo/Salò
0365.296646 - 45 - 40

Regione Lombardia

ASL Brescia

کاربن مونوآکسائیڈ کا زہر

احتیاطی تدابیر و مشورہ جات

ایسا نہ کریں

- گھر کے اندر انگیٹھی، اسٹو، واٹر ہیٹر، باربی کیو یا چولھا استعمال نہ کریں اگر ان کے ساتھ گیس باہر نکالنے والا کوئی مناسب پائپ نسب نہیں ہے۔
- گھر کو گرم کرنے کے لیے کبھی بھی انگیٹھی یا گیس والا چولھا استعمال نہ کریں۔



- بند ماحول میں جیسا کہ تہ خانہ، گیراج وغیرہ میں کبھی جنریٹر یا کوئی گیس والہ آلہ استعمال نہ کریں
- کسی مکمل بند یا جزوی طور پر بند جگہ میں جیسا کہ گیراج ہے اس میں گاڑی کا انجن چلتے ہوئے نہ رہنے دیں۔

ایسا کریں

- بوائلر، اسٹو، باتھ روم ہیٹر کو سلسہ وار چیک کروائیے، کم از کم سال میں ایک دفعہ، اور ان کی چمنی کی اندرونی صفائی کروائیے۔
چیکنگ اور دیکھ بھال کوالیفائیڈ عملے سے کروائیے۔
- اگر آپ کو سی او کے زہر کی علامت یا کیفیت کا شک ہے یا سر درد، متلی قے، تھکاوٹ یا بد حواسی محسوس کرتے ہو تو فوراً ۱۱۸ نمبر پر کال کریں۔

کاربن مونوآکسائیڈ یا سی او

کاربن مونوآکسائیڈ ایک زہریلی گیس ہے جو بے رنگ اور بے بوُ ہوتی ہے، اگراس کی موجودگی میں سانس لیا جائے تو کافی برُے اثرات مرتب ہو سکتے ہیں، یہاں تک کہ موت بھی۔ اس کے زہر کی پہلی علامتیں سر درد، متلی قے، تھکاوٹ اور بد حواسی ہیں۔

سی او کہاں پائی جاتی ہے؟

سی او لکڑ یکے کوئلے، چولھے، انگیٹھی، اسٹو، ہیٹر، بوائلر، کھلی چمنی، اور گاڑی سے خارج ہونے والی گیس اور دھوئیں میں پائی جاتی ہے۔
سی او مذکورہ ان چیزوں میں خصوصی طور پر تب پائی جاتی ہے جب انہیں جلتے وقت مناسب مقدار میں ہوا میسر نہ ہو اور اگر یہ کسی جگہ جمع ہو جائے جیسا کہ گھر کے کسی کمرے میں، گیراج یا تہ خانے میں تو خطرناک ہوتی ہے ۔